سوال

(269)مساجد میں محراب بنانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مساجد میں محراب کا بنانا کیسا ہے؟جس مسجد میں محراب بنے ہوئے ہیں ان کے اندر امام کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں اور محراب مسجد میں داخل ہے یا خارج از مسجد؟بینوا توجروا!

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مساجد میں محراب بنانا شرعاً کوئی ثواب کا کام نہیں ہے۔جس مساجد میں محراب بنے ہوئے ہیں۔ان محرابوں میں امام کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنا درست ہے۔لیکن اگر اس میں اہل کتاب کے ساتھ مشابہت ہو یا مقتدیوں پر امام کا حال مشتبہ ہوتا ہو تو ایسی حالت میں کراہت سے خالی نہیں ہے۔اور محراب اگر مسجد کی حد کے اندر ہے تو اس کے خارج از مسجد ہونے کی کیا صورت ہے اور اگر مسجد کی حد سے باہر ہے تو اس کے خارج ہونے میں کیا شک ہے۔واللہ اعلم بالصواب۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد05